# نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان


18 اپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

080/2011


رابطہ: ایڈ ڈن

ترجمان

فون: 0300-858-7915


## امریکا کی جانب سے طالبعلموں کیلئے مائیکرو اسکالرشپس کی فراہمی

### انگریزی زبان سیکھنے کا پروگرام طلبہ و طالبات کو مواقع فراہم کرے گا

پشاور (18 اپریل 2011ء) ___ پشاور کے مدارس سے تعلق رکھنے والے ایک سو سے زیادہ طالبعلم اسکول کے بعد کلاسوں اور گرمیوں کی تعلیمی سرگرمیوں کے دوران چار سو گھنٹے دورانیے کے ایک ہنگامی پروگرام میں شرکت کریں گے۔ دو سال کے عرصہ پر مشتمل انگلش ایکسز مائیکرو اسکالرشپ پروگرام (ایکسز پروگرام) کیلئے امریکی حکومت نے مالی اعانت فراہم کی ہے۔

2004ء میں ایکسز پروگرام کے آغاز سے لیکر اب تک پچاسی ممالک سے تعلق رکھنے والے 70,000 طالب علم اس میں شرکت کر چکے ہیں۔ پاکستان میں یہ پروگرام دنیا میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا پروگرام ہے جس میں ملک کے سولہ مختلف مقامات پر 5,000 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

پشاور میں آج ایک تقریب کے دوران امریکی سفارت خانہ اسلام آباد کے انگلش لینگویج آفیسر میکاریشر نے پشاور میں مدرسوں کے ایک سو سے زیادہ طالبعلموں میں اسناد تقسیم کیں جو امریکی حکومت کی امداد سے جاری انگریزی زبان کے اس خصوصی کورس میں شرکت کر رہے ہیں۔ پیس، ایجوکیشن اور ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن ثمینہ امتیاز کے علاوہ اساتذہ اور مدارس کے مہتمم حضرات بھی اس موقع پر موجود تھے۔

میکاریشر نے انگریزی زبان سیکھنے کیلئے کوشاں طالب علموں کو مبارکباد پیش کی۔ اُنھوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی ثقافتوں کو نزدیک لانے کے علاوہ انگریزی زبان سیکھنے سے تعلیمی اور پیشہ وارانہ زندگی کو بہتر بنایا جا سکتا ہے اور طالبعلموں کو عالمگیر صورت اختیار کرتی ہوئی معیشت میں شرکت کیلئے تیار کیا جا سکتا ہے۔

امریکی سفارتخانہ کے مالی تعاون سے چلنے والے انگریزی پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات سفارتخانہ کی ویب سائٹ: http://islamabad.usembassy.gov پر "resources" ٹیب کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

###